
أَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ

خبردار! اللہ کا ذِکر دلوں کو اطمینان بخشتا ہے۔ (القران)

# جامع مسجد محمد احمد

اعظم بلاک ماڈل ٹاؤن سیالکوٹ

# اذکار صبح و شام



www.mohammedahmad.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فجر سے اشراق تک مسلسل ذکر کرنے سے زیادہ وزنی کلمات (صرف فجر کے بعد)

سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَ رِضٰى نَفْسِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَ مِدَادَ كَلِمٰتِهٖ۔ (۳ مرتبہ) (مسلم 2726) حکم: صحیح

پاک ہے اللہ اپنی تعریف کے ساتھ، جتنی اس کی مخلوق کی گنتی ہے اور جتنی اس کو پسند ہے اور جتنا اس کے عرش کا وزن اور جتنی اس کے کلمات کی سیاہی ہے

آیت الکرسی پڑھنے والا جنات سے محفوظ ہو جاتا ہے

آيَةُ الْكُرْسِىْ (۱ مرتبہ) (سورہ البقرۃ:255) (شعب الایمان بیہقی 2389) حکم: صحیح

ان سورتوں کو پڑھنے والا ہر چیز سے کافی ہو جاتا ہے۔ (ابو داؤد 5082) حکم: حسن

سُوْرَةُ الْاِخْلَاص (۳ مرتبہ) سُوْرَةُ الْفَلَق (۳ مرتبہ) سُوْرَةُ النَّاس (۳ مرتبہ)

یہ کلمات پڑھنے سے دنیا و آسمان کی کوئی چیز نقصان نہیں پہنچائے گی ان شاء اللہ

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَىْءٌ فِى الْاَرْضِ وَلَا فِى السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔ (۳ مرتبہ) (ابو داؤد 5088) حکم: صحیح

اللہ کے نام سے، وہ ذات کہ اس کے نام سے کوئی چیز زمین میں ہو یا آسمان میں، نقصان نہیں دے سکتی اور وہ خوب سنتا ہے اور خوب جانتا ہے۔

روزِ قیامت کسی کا افضل عمل نہیں ہو گا اور گناہ بخش دیئے جائیں گے اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں

**سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ** (۱۰۰ مرتبہ) (مسلم 2691) حکم: صحیح

پاک ہے اللہ اپنی تعریف کے ساتھ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا لوگو اللہ سے توبہ کرو کیونکہ میں دن میں سو مرتبہ اس سے توبہ کرتا ہوں

**اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ** (کم از کم ۱۰۰ مرتبہ) (مسلم 2702) حکم: صحیح

میں اللہ سے مغفرت کا سوال اور توبہ کرتا ہوں

رسول اللہ ﷺ نماز صبح سے سلام پھیر کر پڑھتے (صرف فجر کے بعد) (ابن ماجہ 925) حکم: صحیح

**اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّرِزْقًا طَيِّبًا وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا**

اے اللہ! میں آپ سے علم نافع پاکیزہ روزی اور مقبول عمل کا سوال کرتا ہوں (۱ مرتبہ)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے دن میں سو مرتبہ پڑھا اسے دس غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب ملتا ہے اور اس کے لئے سو نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور اس کی سو برائیاں مٹائی جاتی ہیں اور اس دن شیطان سے حفاظت کا ذریعہ بن جاتا ہے یہاں تک کہ شام کرتا ہے

**لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ** (۱۰۰ مرتبہ) (مسلم 2691) حکم: صحیح

نہیں کوئی عبادت کے لائق سوا اللہ کے، وہ اکیلا ہے، نہیں اس کا کوئی شریک، اسی کی بادشاہی ہے اور اسی کی تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے

کلمات پڑھنے سے ہر موذی چیز سے حفاظت رہے گی (مسلم 2708) حکم: صحیح

**اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ** (۳ مرتبہ)

میں ہر اس چیز کے شر سے جسے اللہ نے پیدا کیا، اس کے کامل ترین کلمات کی پناہ میں آتا ہوں

دنیا و آخرت کے تمام کاموں کے لئے اللہ کا کافی ہونا (۷ مرتبہ) (ابو داؤد 5081) حکم: صحیح

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ، وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ

کافی ہے مجھے اللہ، صرف وہی معبود برحق ہے، اسی پر میں نے بھروسہ کیا ہے، وہی عرش عظیم کا رب ہے

جو شخص نماز مغرب کے بعد یہ کلمات سات مرتبہ پڑھے اور اسی رات مر جائے تو جہنم کا بچاؤ لکھ دیا جاتا ہے اسی طرح فجر کے بعد پڑھے تو بھی یہ ہی فضیلت ہے (۷ مرتبہ) (ابو داؤد 5079) حکم: حسن

اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِيْ مِنَ النَّارِ (اے اللہ! مجھے جہنم کی آگ سے محفوظ رکھ)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص مجھ پر صبح دس مرتبہ اور شام دس مرتبہ درود بھیجے گا اسے میری شفاعت نصیب ہو گی (ملاحظہ ہو: مجمع الزوائد ومنبع الفوائد جلد 10 صفحہ 120)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ (۱۰ مرتبہ)

اے اللہ! صلاۃ (درود و رحمت) بھیج محمد ﷺ پر اور آل محمد ﷺ پر (نسائی 1293) حکم: صحیح

اپنے نفس کی شرارت، شیطان کے شر اور اس کے شرک سے اللہ رب العزت کی پناہ میں آنا

اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ، عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ، رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَّمَلِيْكَهُ، اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ، وَشَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهٖ (۱ مرتبہ) (ابو داؤد 5067) حکم: صحیح

اے اللہ! آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے! پوشیدہ اور ظاہر کے جاننے والے! ہر شے کے پالنے والے اور اس کے مالک! میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں اپنے نفس کی شرارت، شیطان کے شر اور اس کے شرک سے تیری پناہ میں آتا ہوں

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص یہ دعا پڑھے اور شام سے پہلے مر جائے وہ جنتی ہے اور جو رات پڑھے صبح ہونے سے پہلے مر جائے وہ جنتی ہے

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّي، لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، خَلَقْتَنِي وَاَنَا عَبْدُكَ، وَاَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ، اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ، اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ، وَاَبُوْءُ بِذَنْبِي فَاغْفِرْ لِي فَاِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ (ا مرتبہ) (بخاری 6306) حکم: صحیح

اے اللہ! تو میرا رب ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تو نے ہی مجھے پیدا کیا اور میں تیرا ہی بندہ ہوں میں اپنی طاقت کے مطابق تجھ سے کیئے ہوئے عہد اور وعدہ پر قائم ہوں۔ ان بری حرکتوں کے عذاب سے جو میں نے کی ہیں تیری پناہ مانگتا ہوں مجھ پر نعمتیں تیری ہیں اس کا اقرار کرتا ہوں۔ میری مغفرت کردے کہ تیرے سوا اور کوئی بھی گناہ نہیں معاف کرتا

[ سرخ حروف صبح جبکہ نیلے شام کے قت پڑھے جائیں گے ]

رسول اللہ ﷺ صحابہ کو صبح شام کے لئے یہ دعا سکھاتے (ترمزی 3391) حکم: صحیح

اَللّٰهُمَّ بِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ اَمْسَيْنَا (اَمْسَيْنَا وَبِكَ اَصْبَحْنَا) وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ (النُّشُوْرُ) (ا مرتبہ)

اے اللہ! تیرے ساتھ ہم نے صبح (شام) کی اور تیرے ساتھ ہم نے شام (صبح) کی اور تیرے (نام کے) ساتھ ہم زندہ ہیں اور تیرے (نام کے) ساتھ ہم مریں گے اور تیری طرف ہی ہم نے لوٹ کر جانا ہے

پڑھنے والے کو اللہ روز قیامت راضی کرے گا (ابن ماجہ 3870) (مسلم 34) حکم: صحیح

رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِيًّا (۳ مرتبہ)

میں راضی ہوں اللہ کے رب ہونے، اسلام کے دین ہونے اور محمد ﷺ کے نبی ہونے پر

مندرجہ ذیل کلمات صبح وشام پڑھنے سے اللہ تعالیٰ ستر ہزار فرشتے مقرر کر دیتے ہیں۔اور اگر وہ اس دن مرجائے تو اس کا شمار شہیدوں میں ہوتا ہے (دارمی 3468) حکم: حسن

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْم (۳ مرتبہ)

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ○ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۚ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۚ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (۱ مرتبہ) (سورۃ الحشر 22-24)

وہ اللہ ہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، ہر چھپی اور کھلی چیز کو جاننے والا ہے، وہی بے حد رحم والا، نہایت مہربان ہے۔ وہ اللہ ہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، بادشاہ ہے، نہایت پاک، سلامتی والا، امن دینے والا، نگہبان، سب پر غالب، اپنی مرضی چلانے والا، بے حد بڑائی والا ہے، پاک ہے اللہ اس سے جو وہ شریک ٹھہراتے ہیں۔ وہ اللہ ہی ہے جو پیدا کرنے والا، ایجاد کرنے والا، صورت بنادینے والا ہے، سب اچھے نام اسی کے ہیں، اس کی تسبیح ہر وہ چیز کرتی ہے جو آسمانوں اور زمین میں ہے اور وہی سب پر غالب، کمال حکمت والا ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے صبح کے وقت یہ کہا تو اس نے اپنے اس دن کا شکر ادا کر لیا اور اسی طرح شام کو پڑھا تو رات کا شکر ادا کر لیا (ابوداؤد 5073) حکم: حسن

اَللّٰهُمَّ مَا اَصْبَحَ (اَمْسٰى) بِيْ مِنْ نِّعْمَةٍ فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ فَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ (۱ مرتبہ)

اے اللہ! مجھے جو بھی نعمت صبح (شام) کی حاصل ہے وہ تیرے اکیلے ہی کی طرف سے ہے۔ تیرا کوئی شریک نہیں۔ پس تیری ہی حمد ہے اور تیرا ہی شکر ہے

جو شخص صبح و شام یہ کلمات چار مرتبہ کہے گا تو اللہ اسے پورے طور پر جہنم سے نجات دیدے گا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَصۡبَحۡتُ (اَمۡسَیۡتُ) اُشۡھِدُكَ، وَاُشۡھِدُ حَمَلَةَ عَرۡشِكَ
وَمَلَآئِكَتَكَ وَجَمِيۡعَ خَلۡقِكَ اَنَّكَ اَنۡتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنۡتَ،
وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبۡدُكَ وَرَسُوۡلُكَ (۴ مرتبہ) (ابو داؤد 5069) حکم: حسن

اے اللہ! میں نے صبح (شام) کی، میں تجھے اور تیرے عرش کے اٹھانے والوں کو تیرے فرشتوں کو اور تیری ساری مخلوقات کو گواہ بناتا ہوں کہ تو ہی اللہ ہے، تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں ہے، محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم تیرے بندے اور رسول ہیں

رسول اللہ ﷺ صبح و شام تین، تین مرتبہ یہ دعا پڑھا کرتے (ابو داؤد 5090) حکم: حسن

اَللّٰھُمَّ عَافِنِیۡ فِیۡ بَدَنِیۡ اَللّٰھُمَّ عَافِنِیۡ فِیۡ سَمۡعِیۡ اَللّٰھُمَّ عَافِنِیۡ فِیۡ
بَصَرِیۡ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنۡتَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡٓ اَعُوۡذُ بِكَ مِنَ الۡكُفۡرِ وَالۡفَقۡرِ،
اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡٓ اَعُوۡذُ بِكَ مِنۡ عَذَابِ الۡقَبۡرِ، لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنۡتَ (۳ مرتبہ)

اے اللہ! مجھے میرے بدن میں آرام دے۔ اے اللہ! میرے کانوں کو سلامت رکھ، یا اللہ! میری نظر کو درست رکھ۔ تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ اے اللہ میں کفر اور محتاجی سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ یا اللہ! میں قبر کے عذاب سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں

رسول اللہ ﷺ یہ دعا فرماتے (مسند احمد 15438) حکم: صحیح

اَصۡبَحۡنَا (اَمۡسَیۡنَا) عَلٰی فِطۡرَةِ الۡاِسۡلَامِ وَعَلٰی كَلِمَةِ الۡاِخۡلَاصِ
وَعَلٰی دِیۡنِ نَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ ﷺ وَّعَلٰی مِلَّةِ اَبِیۡنَا اِبۡرَاهِیۡمَ
حَنِیۡفًا مُّسۡلِمًا وَّمَا كَانَ مِنَ الۡمُشۡرِكِیۡنَ (۱ مرتبہ)

ہم نے صبح (شام) کی فطرت اسلام، کلمہ اخلاص اور محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے دین اپنے باپ حضرت ابراہیم ؑ کی ملت پر جو سب سے یکسو ہو گئے تھے مسلمان تھے اور مشرک نہ تھے

رسول اللہ ﷺ صبح وشام یہ دعا نہ چھوڑتے (ا مرتبہ) (ابو داؤد 5074) حکم: صحیح

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ الۡعَفۡوَ وَالۡعَافِیَۃَ فِی الدُّنۡیَا وَالۡاٰخِرَۃِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ الۡعَفۡوَ وَالۡعَافِیَۃَ فِیۡ دِیۡنِیۡ وَدُنۡیَایَ وَاَھۡلِیۡ وَمَالِیۡ اَللّٰھُمَّ اسۡتُرۡ عَوۡرَاتِیۡ وَاٰمِنۡ رَّوۡعَاتِیۡ وَاحۡفَظۡنِیۡ مِنۡ بَیۡنِ یَدَیَّ وَمِنۡ خَلۡفِیۡ وَعَنۡ یَّمِیۡنِیۡ وَعَنۡ شِمَالِیۡ وَمِنۡ فَوۡقِیۡ وَاَعُوۡذُ بِکَ اَنۡ اُغۡتَالَ مِنۡ تَحۡتِیۡ

اے اللہ! میں تجھ سے دنیا اور آخرت میں عفو اور عافیت کا طالب ہوں، اے اللہ! میں تجھ سے اپنے دین و دنیا اور اپنے اہل و مال میں معافی اور عافیت کا طالب ہوں، اے اللہ! میرے عیوب چھپا دے، میرے دل کو مامون کر دے، اور میرے آگے پیچھے، دائیں بائیں، اور اوپر سے میری حفاظت فرما، اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں نیچے سے ہلاک کئے جانے سے

پریشانیوں، بے بسی، سستی، بخلی، قرض اور لوگوں سے اللہ کی پناہ

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَعُوۡذُبِکَ مِنَ الۡھَمِّ وَالۡحَزَنِ وَ اَعُوۡذُبِکَ مِنَ الۡعَجۡزِ وَالۡکَسَلِ وَاَعُوۡذُبِکَ مِنَ الۡجُبۡنِ وَالۡبُخۡلِ وَاَعُوۡذُبِکَ مِنۡ غَلَبَۃِ الدَّیۡنِ وَ قَھۡرِ الرِّجَالِ (ا مرتبہ) (المسند الجامع 4559) حکم: صحیح

اے اللہ! میں پناہ مانگتا ہوں (مستقبل میں آنے والی) پریشانیوں سے اور پریشانیوں (جن سے گزر رہا ہوں) اور میں پناہ مانگتا ہوں عجز (بے بسی) سے اور سستی سے اور پناہ مانگتا ہوں بزدلی سے اور بخلی سے اور پناہ مانگتا ہوں قرض کے آجانے سے اور لوگوں کی سختی سے

اَللّٰھُمَّ اغۡفِرۡ لِاَخِیۡنَا مُحَمَّدۡ اَحۡمَدۡ
اَللّٰھُمَّ اَدۡخِلۡہُ الۡجَنَّۃَ الۡفِرۡدَوۡسِ بِغَیۡرِ حِسَابٍ (آمین)

مزید معلومات و تفصیلات کے لئے رابطہ کریں www.mohammedahmad.com